# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CLIMATE CHANGE AND ENVIRONMENTAL COORDINATION ON THE CLIMATE ACCOUNTABILITY BILL, 2024

I, Chairperson of the Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination, have the honor to present this report on the Bill to establish minimum standards for climate accountability of business entities [The Climate Accountability Bill, 2024] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 17th December, 2024.

**2.** The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1) | **Ms. Munaza Hassan** | **Chairperson** |
| 2) | Raja Osama Sarwar | Member |
| 3) | Mir Khan Muhammad Jamali | Member |
| 4) | Ms. Musarrat Asif Khawaja | Member |
| 5) | Ms. Shaista Khan | Member |
| 6) | Ms. Shaista Pervaiz | Member |
| 7) | Ms. Tahira Aurangzeb | Member |
| 8) | Syeda Shehla Raza | Member |
| 9) | Ms. Shagufta Jumani | Member |
| 10) | Ms. Mussarat Rafique Mahesar | Member |
| 11) | Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro | Member |
| 12) | Ms. Rana Ansar | Member |
| 13) | Sahibzada Sibghatullah | Member |
| 14) | Shahzada Muhammad Gushtasap Khan | Member |
| 15) | Mr. Ghulam Muhammad | Member |
| 16) | Ms. Ayesha Nazir | Member |
| 17) | Mr. Awais Haider Jakhar | Member |
| 18) | Mr. Muhammad Usman Badini | Member |
| 19) | Minister for Climate Change and Environmental Coordination | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly and placed at Annex 'A' in its meeting held on 19-02-2025. The Committee unanimously recommends that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad the, 16th April, 2025

sd/-
**(Munaza Hassan)**
Chairperson

ANNEX-'A'

**[AS REPORTED BY STANDING COMMITTEE]**

**A**

**BILL**

*to establish minimum standards for climate accountability of business entities*

Whereas it is expedient to prevent and mitigate the adverse impacts of climate change within the framework of sustainable development and to establish minimum standards for climate accountability of business entities and for matters connected therewith;

It is hereby enacted as follows:-

## CHAPTER I

## PRELIMINARY

1. **Short Title, extent and commencement.** _ (1) This Bill shall be called the Climate Accountability Bill, 2025.

(2) It shall extent to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.**_ In this Act, unless the subject or context otherwise, requires:

(a) **"adaptation"** means the process of adjusting natural or human systems in response to actual or anticipated climatic stimuli or their effects, with the aim of moderating harm and leveraging beneficial opportunities;

(b) **"anthropogenic causes"** means environmental changes resulting from human activities;

(c) **"Authority"** means the Pakistan Climate Change Authority established under Pakistan Climate Change Act, 2017 (Act No. X of 2017);

(d) **"Business"** means any natural or legal person, including state-owned enterprises, transnational corporations, joint ventures, partnerships, and business enterprises with a transnational character;

(e) **"Value chains"** means any relationship between businesses to conduct activities, including those through affiliates, subsidiaries, agents, suppliers, partnerships, joint ventures, or any other structure or contractual arrangement under domestic law. This also includes activities conducted electronically;

(f) **"Carbon majors"** means multinational or state-owned producers, traders, and refineries of crude oil, natural gas, coal, and cement that significantly contribute to global greenhouse gas emissions without assuming climate accountability, thereby driving climate change;

(g) **"Climate accountability"** denotes the responsibility of carbon majors significantly contributing to climate change and the corresponding obligation for reparations;

(h) **"Climate change"** means to a long-term alteration in climate patterns, primarily driven by human activities since the 19th century, as evident by changes in mean or variability of climatic properties persisting over decades or longer;

(i) **"Climate change victims or survivors"** refers to individuals or communities suffering physical or mental harm, economic or property loss, or impairment of human rights due to climate-related damage. This also includes communities severely affected by climate change, whether by slow or rapid onset events, particularly those lacking adequate resources for climate adaptation;

(j) **"Council"** means the Pakistan Climate Change Council established under Pakistan Climate Change Act, 2017 (Act No. X of 2017);

(k) **"Federal Agency"** means the Pakistan Environmental Protection Agency established under Pakistan Environmental Protection Act, 1997 (Act No. XXXIV of 1997);

(l) **"GreenHouse Gases (GHG)"** refers to atmospheric constituents contributing to the greenhouse effect, including but not limited to carbon dioxide, methane, nitrous oxide, hydro fluorocarbons, per fluorocarbons, and sulphur hexafluoride;

(m) **"Loss and damage"** encompasses the adverse effects of climate change, including extreme weather events and slow onset events like sea level rise. This term includes economic and non-economic harms to life, livelihoods, ecosystems, and cultural heritage;

(n) **"Mitigation"** refers to human actions aimed at reducing or preventing emissions of greenhouse gases or enhancing carbon sinks, thereby addressing the human-driven causes of climate change;

(o) **"Reparations"** refers to compensation, relocation, rehabilitation, and recovery provided to victims/survivors of climate-related loss and damage;

(p) **"Schedule"** means a schedule to this Act;

(q) **"SLAPP Suits"** means Strategic Lawsuits against Public Participation, aimed at harassing or stifling any person, institution, or government agency involved in enforcing environmental laws or asserting environmental rights;

(r) **"Tribunal"** means the Environmental Tribunal set up under the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 (Act No. XXXIV of 1997); and

(s) **"Vulnerability"** refers to the degree to which a system is exposed and sensitive to the adverse effects of climate change, including variability and extremes.

(2) The expressions and words used but not defined in this Act shall have the same meaning as in the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 (Act No. XXXIV of 1997) and Pakistan Climate Change Act, 2017 (Act No. X of 2017).

## CHAPTER II

## STANDARD OF CARE AND DUE DILIGENCE

3. **Due diligence standard of care in the conduct of business._** Businesses operating within the Islamabad Capital Territory (ICT) must adhere the following stringent standards throughout their value chains:-

(a) businesses must actively identify potential climate-related harms resulting from their operations and take measures to prevent and mitigate these risks;
(b) businesses are required to implement strategies that move away from activities that exacerbate climate change. This includes reducing greenhouse gas (GHG) emissions and ensuring that human rights are upheld in the process;
(c) businesses must assess and address potential impacts on vulnerable communities and ecosystems, implementing stringent risk management protocols proportionate to the nature and scope of their operations;
(d) businesses must document the processes and findings of their due diligence assessments and submit them to Council as part of their mandatory reporting requirements; and

(e) businesses shall be required to conduct comprehensive due diligence assessments to identify, evaluate, and mitigate potential environmental impacts associated with their operations, products, and supply chains. These assessments shall include, but are not limited to, -

(a) Analysis of greenhouse gas emissions;
(b) Evaluation of resource consumption (including water and energy);
(c) Assessment of waste generation and management practices; and
(d) Identification of potential impacts on biodiversity and ecosystems.

4. **Responsibilities of businesses._** Businesses operating in Islamabad Capital Territory must:-

(a) allocate a portion of their annual profits for climatic and social initiatives like education, healthcare, environmental protection, and poverty alleviation or as provided in the first schedule;
(b) allocate and establish a special Fund other then the allocation made in paragraph (a) of this Section for reparation claims;
(c) publish the findings of their third-party verification reports publicly accessible, ensuring transparency regarding their environmental practices and compliance status;

(d) disclose climate-related financial risks and opportunities to the Federal Agency and the Securities and Exchange Commission of Pakistan including the names of those who authorized these transactions;
(e) measure and report their GHG emissions across their entire value chain, in line with the most recent scientific standards;
(f) protect human rights, ensuring that their operations do not adversely impact communities;
(g) conduct regular assessments of the human rights impacts of their operations, especially those related to climate change, and engage with stakeholders to address these issues;
(h) generate and publish detailed annual reports on their climate-related initiatives, human rights impacts of their operations including efforts to reduce vulnerabilities, promote renewable energy, and enhance energy efficiency. These reports should be submitted to the Council and the Securities and Exchange Commission and made publicly available on website.

**5. Third party verification.**_ For carbon major businesses identified as having significant environmental impacts, as determined by the Federal Agency, third-party verification of compliance with due diligence requirements and climate-friendly standards shall be mandatory.

**6. Selection of verification bodies**: (1) The government shall provide guidelines for recognized certification bodies to conduct audits and certify businesses that meet the established standards.

(2) The government shall establish a list of accredited third-party verification bodies that are qualified to assess compliance with the due diligence requirements and climate-friendly standards as specified in this Act.

(3) Accreditation criteria for verification bodies shall include demonstrated expertise in environmental auditing, adherence to relevant standards, and independence from the businesses being assessed to ensure impartiality and integrity in the verification process.

**7. Verification process**: (1) Businesses subject to third-party verification shall select an accredited verification body to conduct compliance assessments at least once every three years, or at such intervals as determined by the regulatory authority based on the business's environmental impact profile.

(2) The verification process shall encompass a comprehensive review of the businesses due diligence assessments, Climate Action Plans, and adherence to climate-friendly standards.

(3) Verification bodies shall produce a final report detailing their findings, which shall include a conformity statement regarding the business's compliance status and recommendations for improvement if necessary.

## CHAPTER III
## OFFENCES AND PENALITIES

**8. Prohibition of Greenwashing._** (1) Businesses are prohibited from engaging in the practice of greenwashing.

(2)For the purposes of this Act, "greenwashing" is defined as the practice of making misleading claims regarding the environmental benefits of products, operations, or services. This encompasses, but is not limited to:

(a) false or deceptive statements about the environmental impact of a business's activities;
(b) understatement of adverse environmental impacts;
(c) omission of relevant trade-offs associated with a product, operation, or service;
(d) lack of credible evidence supporting environmental claims;
(e) vague or ambiguous statements that misrepresent environmental sustainability; and
(f) fraudulent representations of third-party certifications or endorsements.

(3) Any business found to be engaging in greenwashing shall be subject to a fine equal to 15% of its gross income as reported in its most recent regulatory disclosure.

**9. Prohibition of climate denialism._** (1) Businesses are prohibited from engaging in climate denialism.

(2) For the purposes of this Act, "climate denialism" is defined as the public denial or misrepresentation of anthropogenic climate change, which is intended to mislead, distort, or contradict the scientific consensus regarding climate change.

(3) Any business found to be engaged in climate denialism shall be required to issue a public retraction of the misleading statements made regarding climate change.

(4) In addition to the requirement for a public retraction, businesses involved in climate denialism will be subject to a penalty equal to 5% of their gross income as reported in their most recent regulatory disclosure.

**10. Strategic Lawsuits against Public Participation (SLAPP Suits)._** (1) No person or Business shall engage, either directly or indirectly, in the activity of filing SLAPP suits.

(2) Whoever contravenes with sub-section (1) shall be punishable with fine which may extend to one hundred thousand Rupees.

**11. Complaint.**_ Any individual or entity aggrieved by harm resulting from a business's failure to comply with the provisions of this Act, and who qualifies as a victim of climate change, shall have the right to file a complaint in Tribunal.

**12. Application of the precautionary principle.**_ (1) The Tribunal shall in cases where scientific certainty is insufficient to establish a causal link between business activities and environmental harm, the Tribunal shall apply the precautionary principle to prioritize the protection of the environment and public health.

(2) All businesses and the Pakistan Meteorological Department shall be required to disclose to the Tribunal, any instances in which scientific evidence is inconclusive with respect to the cause-and-effect relationship between their activities and environmental impact.

## CHAPTER IV
## FUND

**13. Climate Change Reparation Fund.**_ (1) There shall be established a Climate Change Reparation Fund (CCRF) to be managed by the Authority.

(2)The Fund shall be derived from the following sources:-

(a) such monies as may be received by the Fund in the form of aid and assistance, donations, endowments, grants and gifts from whatever source and specifically designed for the Fund; and
(b) contributions from private organizations and other persons.

(3) All fines and penalties collected under this Act, shall be allocated exclusively to the CCRF.

(4) The funds collected shall be used for initiatives and programs designed to mitigate climate challenges, including but not limited to,

(a) financial reparations for losses and damages suffered;
(b) funding for renewable energy projects;
(c) support for acquiring and implementing climate-resilient technologies;
(d) initiatives aimed at strengthening the ability of affected communities to respond to climate impacts;
(e) support for the relocation of communities displaced by climate impacts;
(f) funds for the recovery and rehabilitation of affected areas;
(g) supporting reforestation and conservation efforts;
(h) aiding communities disproportionately affected by climate change;
(i) financing research and development of sustainable technologies; and

(j) promoting education and awareness initiatives related to climate change and sustainability.

(5) The CCRF shall provide annual reports detailing the allocation of collected fines and their impact on climate mitigation efforts to ensure transparency and accountability in the use of these resources.

## Chapter V
## Miscellaneous

**14. Act in addition to and not in derogation of other laws._** (1) Any penalties and remedies available under this Act shall be in addition to any other penalties, remedies, or enforcement measures available under any other existing laws and regulations.

(2) The enforcement of penalties and remedies provided in this Act shall not preclude the application of any other applicable laws, nor shall it limit the rights of any individual or entity to seek additional remedies provided under any other legal frameworks.

**15. Power to make rules. _** The Federal Government may, by notifications in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

**16. Power to amend the schedule. _** The Federal Government may, by notification in the official Gazette, amend the Schedule so as to add any entry thereto or modify or omit any entry therein.

## FIRST SCHEDULE
(Section 4 (a))

1. Promotion of healthcare including basic health care, provision of sanitation and safe drinking water.

2. Take measures to reduce practices that may impact climate such as greenhouse gas emissions, single-use plastics, water-table reduction, deforestation and general waste.

3. Regulating energy consumption by increasing reliance on renewable and sustainable energy resources, and reducing carbon footprint.

4. Offsetting negative environmental impact by planting trees, funding research in the fields of climate and environment, and making donations to wild life preservation.

5. Promotion of environmental sustainability, the protection and conservation of natural resources, agro-forestry and maintaining the quality of soil, air and water.

6. Disaster management, disaster mitigation and resilience.

7. Sponsoring and supporting afforestation and reforestation projects.

8. Green Infrastructure Development such as creating green spaces, urban gardens, and green roofs to enhance air quality and reduces urban heat islands.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The introduction of climate liability for businesses in Pakistan is a crucial step towards ensuring a sustainable and environmentally responsible future. This move holds companies accountable for the negative impacts their operations may have on the environment, which is essential for protecting the well-being of both human and natural resources. By making businesses liable for any observed adverse effects on the climate, the government is sending a strong message that environmental protection is a top priority. This, in turn, will encourage companies to adopt more environmentally friendly practices, reduce their carbon footprint, and invest in sustainable technologies.

The significance of this development lies in its ability to empower individuals and communities to seek justice for environmental harm caused by corporate activities. Under Pakistani law, businesses will be held accountable for violating the right to a healthy environment, which is a fundamental human right. This means that victims of environmental harm can seek damages from those responsible for the harm, promoting a culture of accountability and responsibility. Moreover, this shift in approach will also encourage businesses to prioritize environmental sustainability, as they will be held financially responsible for any harm caused by their operations. Ultimately, this development is a major step forward in promoting a more environmentally conscious and responsible business culture in Pakistan.

**(MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI)**
MEMBER NATIONAL ASSEMBLY

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**ماحولیاتی جوابدہی بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولی رابطہ کی رپورٹ۔**

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولی رابطہ ۷ دسمبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ کاروباری اداروں میں ماحولیاتی جوابدہی کے لئے کم سے کم معیارات بنانے کے بل [ماحولیاتی جوابدہی بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **محترمہ منزہ حسن** | **چیئرپرسن** |
| ۲۔ | راجہ اسامہ سرور | رکن |
| ۳۔ | میر خان محمد جمالی | رکن |
| ۴۔ | محترمہ مسرت آصف خواجہ | رکن |
| ۵۔ | محترمہ شائستہ خان | رکن |
| ۶۔ | محترمہ شائستہ پرویز | رکن |
| ۷۔ | محترمہ طاہرہ اورنگزیب | رکن |
| ۸۔ | سیدہ شہلا رضا | رکن |
| ۹۔ | محترمہ شگفتہ جمانی | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ مسرت رفیق مہیسر | رکن |
| ۱۱۔ | ڈاکٹر شازیہ صوبیہ اسلم سومرو | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۳۔ | صاحبزادہ صبغت اللہ | رکن |
| ۱۴۔ | شہزادہ محمد گشتاسپ خان | رکن |
| ۱۵۔ | جناب غلام محمد | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ عائشہ نذیر | رکن |
| ۱۷۔ | جناب اویس حیدر جکھڑ | رکن |
| ۱۸۔ | جناب محمد عثمان بادینی | رکن |
| ۱۹۔ | وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۹ فروری، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں 'ضمیمہ۔الف' کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر سفارش کی کہ اسمبلی پیش کردہ بل کو منظور کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۱۶/اپریل، ۲۰۲۵ء

دستخط/۔
**(منزہ حسن)**
چیئرپرسن

## [قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

کاروباری اداروں کی ماحولیاتی جوابدہی کے لیے کم از کم معیار مقرر کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پائیدار ترقی کے فریم ورک کے اندر موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات کی روک تھام اور کمی لائی جائے اور کاروباری اداروں کی ماحولیاتی جوابدہی اور اس سے منسلک معاملات کے لیے کم از کم معیار مقرر کیا جائے۔

لہذا بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

### باب ا

### ابتدائیہ

ا۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (ا) اس بل کا حوالہ ماحولیاتی جوابدہی بل، ۲۰۲۵ء کے طور پر دیا جائے گا۔

(۲) یہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ تک وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:** ایکٹ ہذا میں، تا وقتیکہ کہ کوئی امر سیاق وسباق کے منافی ہو؛

(الف) **"موافقت"** سے مراد ہے قدرتی یا انسانی نظاموں کو حقیقی یا متوقع موسمی محرکات یا ان کے اثرات کے جواب میں ایڈجسٹ کرنے کا عمل ہے، جس کا مقصد نقصان کو اعتدال میں لانا اور فائدہ مند مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے۔

(ب) **"انتھروپوجنک وجوہات"** سے مراد ہے انسانی سرگرمیوں کے نتیجے میں واقع ہونے والی ماحولیاتی تبدیلیاں؛

(ج) **"ہیئت مجاز"** سے مراد ہے پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ کے تحت قائم کردہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی، ۲۰۱۷ (ایکٹ نمبر ۱۰ بابت، ۲۰۱۷) ہیئت مجاز ہے؛

(د) **"کاروبار"** سے مراد کوئی بھی فطری یا قانونی شخص ہے بشمول ریاستی ملکیتی ادارے بین الاقوامی کارپوریشنز، مشترکہ منصوبے، شراکت داری، بین الاقوامی کردار کے حامل کاروباری ادارے؛

(ہ) **"قدر افزودہ سلسلہ"** سے مراد کاروباری اداروں کے درمیان سرگرمیاں بشمول ملحقہ اداروں، ماتحت اداروں، ایجنٹوں، سپلائرز، شراکت داریاں، مشترکہ منصوبے، یا ملکی قانون کے تحت کسی دوسرے ڈھانچے یا معاہدہ کے انتظامات کرنے کے لیے کوئی تعلق ہے۔ اس میں الیکٹرانک طور پر کی جانے والی سرگرمیاں بھی شامل ہیں؛

(و) **"کاربن میجرز"** سے مراد ہے کثیر القومی یا سرکاری ملکیتی پیداکنندگان، تاجر، اور خام تیل، قدرتی گیس، کوئلہ، اور سیمنٹ کی ریفائنریز جو ماحولیاتی جوابدہی کو قبول کیے بغیر عالمی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں نمایاں طور پر حصہ ڈالتی ہیں، اس طرح موسمیاتی تبدیلی کو آگے بڑھاتی ہیں؛

(ز) **"ماحولیاتی جوابدہی"** کاربن میجرز جو موسمیاتی تبدیلی میں نمایاں طور پر حصہ ڈالتے ہیں کی ذمہ داریوں اور تلافی معاوضوں کے لیے مماثل وجوب کو ظاہر کرتا ہے؛

(ح) **"موسمیاتی تبدیلی"** سے مراد ماحولیاتی اشکال میں ایک طویل مدتی تبدیلی ہے، جو بنیادی طور پر انیسویں صدی سے انسانی سرگرمیوں کے ذریعے کارفرما ہے، جیسا کہ دہائیوں یا اس سے زیادہ عرصے تک برقرار رہنے والی موسمی خصوصیات کی اوسط یا تغیر پذیری سے ظاہر ہوتا ہے؛

(ط) **''موسمیاتی تبدیلی کے متاثرین/بچنے والے افراد''** سے مراد افراد یا طبقے ہیں جو جسمانی یا ذہنی نقصان، معاشی یا املاک کا نقصان، یا انسانی حقوق کی خرابی سے ہے جو کہ ماحول سے متعلق نقصان کے باعث ہوں۔اس میں ایسے طبقے بھی شامل ہیں جو کہ موسمیاتی تغیر سے شدید متاثر ہوتے ہیں، خواں سست روی یا تیزی سے رونما ہونے والے واقعات سے خاص طور پر وہ جو موسمیاتی تغیراتی تبدیلی کو اپنانے کے لیے مناسب وسائل کی کمی ہو؛

(ی) **''کونسل''** سے مراد پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ ۲۰۱۷ء (ایکٹ نمبر ۱۰، مجریہ ۲۰۱۷ء) کے تحت قائم کردہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کونسل ہے؛

(ک) **''وفاقی ایجنسی''** سے مراد پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ ۱۹۹۷ء (ایکٹ نمبر ۳۴ مجریہ ۱۹۹۷ء) کے تحت قائم کی گئی پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایجنسی ہے؛

(ل) **''گرین ہاؤسز (جی ایچ جی)''** سے مراد ایسے ماحولیاتی اجزاء ہے جو کہ گرین ہاؤس اثر میں حصہ لیتے ہیں بشمول لیکن صرف کاربن ڈائی آکسائیڈ، میتھین، نائٹروآکسائیڈ، ہائیڈروفلوروکاربنز، پرفلوروکاربنزاور سلفر ہیکسافلورائیڈ تک محدود نہیں ہے؛

(م) **''خسارہ اور نقصان''** میں موسمیاتی تغیر کے منفی اثرات بشمول شدید موسمیاتی تغیرات اور آہستگی سے رونما ہونے والے تغیرات جیسا کہ سطح سمندر میں اضافہ کے اثرات کا احاطہ کیا جاتا ہے؛اطلاح ہذا میں زندگی کو معاشی اور غیر معاشی نقصانات، ایکوسسٹم اور ثقافتی ورثہ شامل ہیں؛

(ن) **''تخفیف''** سے مراد گرین ہاؤس گیسز کے اخراج میں کمی لانا یا روکنا یا کاربن سنکس میں اضافے کے غرض سے انسانی کارراوئیوں سے ہے جس سے موسمیاتی تغیرات میں انسانی وجوہات سے وابستہ مسائل کو حل کرنا ہے؛

(س) **''معاوضہ''** سے مراد موسمیاتی تغیر سے وابستہ خسارے اور نقصان کے متاثرین/لواحقین کو معاوضہ، کسی دوسرے مقام پر منتقلی بحالی اور بازیابی ہے؛

(ع) **''شیڈول''** سے مراد ایکٹ ہذا کا شیڈول ہے؛

(ف) **''سلیپ مقدمات''** سے مراد ماحولیاتی خواتین کو نافذ کرنے یا ماحولیاتی حقوق پر عمل درآمد کرنے میں شامل کوئی فرد ادارہ یا سرکاری ایجنسی کو ہراساں کرنے یا دبانے کے غرض سے عوامی نمائندگی کے خلاف حکمت عملی پر مبنی مقدمات سے ہے؛

(ص) **''ٹربیونل''** سے مراد پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ ۱۹۹۷ء (ایکٹ نمبر ۳۴ مجریہ ۱۹۹۷ء) کے تحت تشکیل کردہ ماحولیاتی ٹربیونل ہے؛اور

(ق) **''زد پذیری''** سے مراد وہ ڈگری ہے جس تک کوئی نظام آب وہوا کی تبدیلی کے منفی اثرات بشمول تغیرات وشدت سے متاثر اور حساس ہونے سے ہے۔

(۲) ایکٹ ہذا میں استعمال کیے گئے لیکن وضاحت نہ کیے گئے جملے اور الفاظ کے معنی ویسے ہی ہونگے جیسا کہ پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ ۱۹۹۷ء (ایکٹ نمبر ۳۴ مجویہ ۱۹۹۷ء) اور پاکستان ماحولیاتی تغیر ایکٹ ۲۰۱۷ء (ایکٹ نمبر ۱۰ مجریہ ۲۰۱۷ء) میں ہیں۔

## باب ۲

## خیال و مطلوبہ احتیاط کے معیار

۳۔ **کارروائی کے انعقاد میں خیال کے مطلوبہ احتیاط کا معیار۔**۔ اسلام آباد دار لحکومتی علاقے (آئی سی ٹی) میں چل رہے کاروباروں کو اپنے ویلیو چینز میں حسب ذیل سخت معیارات کی پیروی کرنا لازمی ہے:۔

(الف) کاروباروں میں انکے آپریشنز کے نتیجے میں ماحول پر رونما ہونے والے امکانی نقصانات کی بھرپور طریقے سے نشاندہی کی جائے اور ان خطرات سے محفوظ رہنے اور کمی لانے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں؛

(ب) کاروباوں کو ایسی حکمت عملیوں پر عمل درآمد کرنے کی ضرورت ہے جو موسمیاتی تبدیلی میں اضافہ کرنے والی سرگرمیوں سے اجتناب کیا جائے اس میں گرین ہاؤس گیس (جی ایچ جی) کے اخراج کو کم کرنے اور اس عمل میں انسانی حقوق کی پاسداری کو یقینی بنانا شامل ہے؛

(ج) کاروبار کو لازمی طور پر اپنے کاموں کی نوعیت اور ان کے دائرہ کار کے تناسب سے خطرات کے انتظام کے سخت پروٹوکول کا نفاذ عمل میں لاتے ہوئے خطرے سے دوچار کمیونٹیز اور ماحولیاتی نظام پر ممکنہ اثرات کا اندازہ لگانا اور ان کا ازالہ کرنا چاہیے؛

(د) کاروبار کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی مستعدی کے جائزوں کے عمل اور ان کے نتائج کو تحریر کریں اور ان کی رپورٹنگ اپنی لازمی ضروریات کے حصے کے طور پر کونسل میں جمع کرائیں؛اور

(ہ) کاروبار کے کاموں، مصنوعات اور سپلائی چینز سے منسلک ممکنہ ماحولیاتی اثرات کی شناخت، تشخیص، اور ان کو کم کرنے کے لیے جامع مستعدی کے جائزے منعقد کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ان جائزوں میں حسب ذیل شامل ہوں گے لیکن یہ ان تک محدود نہیں ہوں گے؛

(الف) گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا تجزیہ؛

(ب) وسائل کی کھپت کا جائزہ (بشمول پانی اور توانائی)؛

(ج) فضلہ کی پیداوار اور انتظام کے طریقوں کا جائزہ؛اور

(د) حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی نظام پر ممکنہ اثرات کی شناخت؛

۴۔ **کاروبار کی ذمہ داریاں۔**۔ علاقہ دار الحکومت، اسلام آباد میں کام کرنے والے کاروبار لازمی طور پر:۔

(الف) اپنے سالانہ منافع کا ایک حصہ ماحولیاتی اور سماجی اقدامات جیسے تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، ماحولیاتی تحفظ اور غربت کے خاتمے کے لیے مختص کریں یا جیسا کہ جدول اول میں صراحت کی گئی ہے؛

(ب) معاوضوں کے کلیم کیلئے دفعہ ہذا کے پیرا (الف) میں دی گئی تخصیص کے علاوہ ایک خصوصی فنڈ مختص کریں اور قائم کریں؛

(ج) فریق ثالث کی تصدیقی رپورٹس کے نتائج کو شائع کرنا جو عوامی سطح پر قابل رسائی ہوں ان کے ماحولیاتی طریق ہائے کار اور تعمیل کے حوالے سے شفافیت کو یقینی بنانا؛

(د) وفاقی ایجنسی اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو ماحول سے متعلق مالی خطرات اور مواقع کا انکشاف کرنا جن میں ان لوگوں کے نام بھی شامل ہوں جنہوں نے ان لین دین کی اجازت دی تھی؛

(ہ) حالیہ سائنسی معیارات کی روشنی میں ان کی پوری ویلیو چین میں جی ایچ جی کے اخراج کی پیمائش کرنا اور رپورٹ کرنا؛

(د) اس بات کو یقینی بناتے ہوئے انسانی حقوق کا تحفظ کرنا کہ ان کی کارروائیاں کمیونٹیز کو منفی طور پر متاثر نہ کریں؛

(ز) انسانی حقوق کے امور کار خاص طور پر جو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق ہوں ان کے اثرات کا باقاعدہ جائزہ لینا اور ان مسائل کو حل کرنے کے لیے متعلقین سے رابطہ کرنا؛ اور

(ح) ماحول سے متعلق اقدامات، انسانی حقوق کے امور کار کے اثرات بشمول خطرات کو کم کرنا، قابل تجدید توانائی کو فروغ دینا اور توانائی کی کارکردگی کو بڑھانے کی بابت تفصیلی سالانہ رپورٹیں تیار اور شائع کرنا۔ یہ رپورٹیں کونسل اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کو جمع کرانا اور انہیں ویب سائٹ پر عوامی طور پر دستیاب کرنا۔

۵۔ **فریق ثالث کی توثیق۔۔** کاربن کے بڑے کاروبار جن کی واضح ماحولیاتی اثرات کے حامل کے طور پر شناخت کی گئی ہو جیسا کہ وفاقی ایجنسی کی جانب سے تعین کیا گیا ہو کیلئے تقاضوں اور ماحول دوست معیارات کی سرگرمی سے تعمیل کے حوالے سے فریق ثالث کی توثیق لازمی ہوگی۔

۶۔ **تصدیق کرنے والے اداروں کا انتخاب۔۔** (۱) حکومت منظور شدہ تصدیق کرنے والے اداروں کے لیے رہنما اصول فراہم کرے گی تاکہ مقررہ معیارات پر پورا اترنے والے کاروباروں کا آڈٹ کروایا جائے اور اُنکی تصدیق کی جائے۔

(۲) حکومت منظور شدہ فریق ثالث کے تصدیق کرنے والے اداروں کی فہرست تیار کرے گی جو کہ ایکٹ ہذا میں مختص کردہ کے مطابق مطلوبہ احتیاط کے تقاضوں اور ماحول دوست معیارات کی تعمیل کا جائزہ لینے کے اہل ہوں۔

(۳) تصدیق کرنے والے اداروں کی توثیق کے معیار میں ماحولیاتی آڈیٹنگ میں واضح مہارت، متعلقہ معیارات پر پورا اترنا اور جانچ پڑتال کے عمل سے گزرنے والے کاروباروں سے لاتعلقی شامل ہوں گی تاکہ تصدیق کے عمل میں غیر جانبداری اور دیانتداری کو یقینی بنایا جائے۔

(۷)۔ **تصدیق کا عمل:** (۱) فریق ثالث کی تصدیق سے مشروط کاروبار کسی منظور شدہ تصدیق کرنے والے ادارے کا انتخاب کریں گے تاکہ وہ ہر تین سال میں کم از کم ایک بار یا انضباطی اتھارٹی کے متعین کردہ وقفوں سے تعمیلی جائزے منعقد کروائیں جن کا انحصار کاروبار کے ماحولیاتی اثر کی پروفائل پر ہوگا۔

(۲) تصدیق کا عمل کاور باروں کے مطلوبہ احتیاط کے جائزوں، موسمیاتی لائحہ عمل اور ماحول دوست معیارات پر پورا اترنے کے جامع جائزے پر مشتمل ہوگا۔

(۳) تصدیق کرنے والے ادارے اپنے نتائج کی تفصیلات پر مشتمل حتمی رپورٹ پیش کریں گے جس میں کاروبار کی تعمیل کی صورتحال سے متعلق مطابقت کا بیان اور بہتری کی سفارشات، اگر ضروری ہوں، شامل ہوں گی۔

## باب سوم

## جرائم اور جرمانے

۸۔ **گرین واشنگ کی ممانعت۔۔** (۱) کاروباروں کو گرین واشنگ کے عمل میں ملوث ہونے کی اجازت نہیں۔

(۲) ایکٹ ہذا کی اغراض کے لیے ''گرین واشنگ'' سے مراد مصنوعات، افعال یا خدمات کے ماحولیاتی فوائد سے متعلق گمراہ کن دعوے کرنا ہے۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں مگر یہ ان تک محدود نہیں:

(الف) کاروبار کی سرگرمیوں کے ماحولیاتی اثرات سے متعلق غلط یا دھوکہ دہی پر مبنی بیانات؛

(ب) منفی ماحولیاتی اثرات کو کم بیان کرنا؛

(ج) کسی مصنوعہ، فعل یا سروس سے متعلق تجارتی مبادلہ سے انحراف؛

(د) ماحولیاتی دعووں سے متعلق قابل بھروسہ ثبوت کا نہ ہونا؛

(ہ) ماحولیاتی استحکام کی غلط عکاسی کرنے والے مبہم اور غیر واضح بیانات؛ نیز

(و) فریق ثالث کی منظوری یا توثیق سے متعلق دھوکہ دہی پر مبنی غلط بیانی۔

(۳) گرین واشنگ میں ملوث پائے جانے والے کسی بھی کاروبار کو اسکی مجموعی آمدن کے ۱۵ فیصد کے مساوی جرمانہ ہوگا جیسا کہ اسکی تازہ ترین انضباطی تشہیر میں رپورٹ کیا گیا ہو۔

۹۔ **موسمیاتی تبدیلی سے انکار کی ممانعت۔** (۱) کاروباروں کو موسمیاتی تبدیلی سے انکار میں ملوث ہونے کی ممانعت ہے۔

(۲) ایکٹ ہذا کی اغراض کے لیے "موسمیاتی تبدیلی سے انکار" سے مراد انسان کی پیدا کردہ موسمیاتی تبدیلی سے عوامی انکار یا غلط بیانی ہے جس کا مقصد موسمیاتی تبدیلی سے متعلق سائنسی اتفاق رائے سے متعلق غلط تاثر دینا، اسکو خراب کرنا یا اس سے اختلاف کرنا ہے۔

(۳) کوئی کاروبار جو موسمیاتی تردید میں ملوث پایا جائے تو اسے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق گمراہ کن بیانات کے عوامی مراجعت جاری کرنا درکار ہوگا۔

(۴) عوامی مراجعت کی مقتضیات کے علاوہ، موسمیاتی تردید میں ملوث کاروبار ان کی مجموعی آمدن کے ۵ فیصد کے مساوی جرمانہ سے مشروط ہونگے جیسا کہ ان تازہ ترین انضباطی تشہیر میں رپورٹ کیا گیا ہو۔

۱۰۔ **ہتک عزت کے مقدمات:** (۱) کوئی شخص یا کاروبار ہتک عزت کے مقدمات کی سرگرمی میں بلاواسطہ یا بالواسطہ شامل نہیں ہوگا۔

(۲) جو کوئی ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی کرتا ہے تو وہ ایک لاکھ روپے تک کے جرمانہ کے ساتھ قابل سزا ہوگا۔

۱۱۔ **شکایت:** کوئی فرد یا ادارہ جو ایکٹ ہذا کی تضرکات کی تعمیل میں کاروبار میں ناکامی کی وجہ سے پہنچنے والے نقصان سے متاثرہ ہو اور جو موسمیاتی تبدیلی کا شکار کے طور پر اہلیت رکھتا ہے تو وہ معدلہ میں شکایت دائر کرنے کا حقدار ہوگا۔

۱۲۔ **احتیاطی اصول کا اطلاق:** (۱) ایسے کیسز جہاں سائنسی یقین کاروبار سرگرمیوں اور ماحولیاتی نقصان کے مابین معمول کا رابطہ قائم کرنے کے لئے ناکافی ہو تو معدلہ ماحولیات اور صحت عامہ کے تحفظ کو ترجیح دینے کے لیے احتیاطی اصول کا اطلاق کرے گی۔

(۲) تمام کاروبار اور پاکستان محکمہ موسمیات کو کوئی ایسی مثالیں معدلہ کے سامنے پیش کرنے کی ضرورت ہوگی جس میں سائنسی یقین ان کے کاروبار اور ماحولیاتی اثرات کے مابین وجہ اور اثرات کے تعلق کے حوالے سے غیر نتیجہ خیز ہو۔

## باب چہارم

## فنڈ

۱۳۔ **موسمیاتی تبدیلی کی تلافی کا فنڈ:** (۱) موسمیاتی تبدیلی کی تلافی فنڈ (سی سی آر ایف) قائم کیا جائے گا جس کا اتھارٹی کی جانب سے انتظام کیا جائے گا۔

(۲) یہ فنڈ حسب ذیل ذرائع سے حاصل کیا جائے گا؛

(الف) ایسی رقوم جو فنڈ میں امداد، امانت، عطیات، اوقاف، گرانٹس اور تحائف کی شکل میں موصول ہوں جو کسی بھی ذریعہ سے اور خاص طور پر فنڈ کے لئے مختص ہوں؛ اور

(ب) نجی تنظیموں اور دیگر افراد کی جانب سے چندے۔

(۳) ایکٹ ہذا کے تحت وصول کردہ تمام جرمانے خاص طور پر سی سی آر ایف کے لئے مختص کئے جائیں گے۔

(۴) اکٹھے کردہ فنڈز موسمیاتی چیلنجوں کو کم کرنے کے لئے تیار کئے گئے اقدامات اور پروگراموں کے لئے استعمال کئے جائیں گے بشمول حسب ذیل لیکن ان تک محدود نہیں ہے،

(الف) تباہی اور نقصانات کے لئے مالی معاوضے؛

(ب) قابل تجربہ توانائی منصوبوں کے لئے رقوم کی فراہمی؛

(ج) موسمیات کے موافق ٹیکنالوجیز کے حصول اور عملدرآمد کے لئے معاونت؛

(د) ایسے اقدامات جن کا مقصد متاثرہ کمیونٹیز کی موسمیاتی اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا مقصود ہو؛

(ہ) آب وہوا کے اثرات کی وجہ سے نقل مکانی کرنے والی آبادیوں کی منتقلی میں تعاون کرنا؛

(و) متاثرہ علاقوں کی بحالی اور یہاں معمول کی صورتحال دوبارہ پیدا کرنے کے لیے فنڈز؛

(ز) جنگلات دوبارہ اگانے اور انہیں محفوظ رکھنے کی کاوشوں میں تعاون کرنا؛

(ح) موسمیاتی تبدیلی سے شدت سے متاثرہ آبادیوں کی مدد کرنا؛

(ط) دیرپا ٹیکنالوجیز کے بارے میں تحقیق اور انہیں ترقی دینے کے لیے رقم کی فراہمی؛ اور

(ی) موسمیاتی تبدیلی اور دیرپا متوازن ماحول سے متعلق واقفیت اور آگاہی کو فروغ دینا۔

(۵) ان وسائل کے استعمال میں شفافیت اور اس بابت جوابدہی یقینی بنانے کے لیے موسمیاتی اثرات میں تخفیف کی کاوشوں کے ضمن میں وصول کردہ جرمانوں کی تخصیص اور ان کے اثرات کی تفصیلات پر مبنی سالانہ رپورٹیں سی سی آر ایف فراہم کرے گا۔

## پانچواں باب

## متفرقات

۱۴۔ **ایکٹ ہذا دیگر قوانین کے علاوہ ہوگا اور ان کے منافی نہیں ہوگا۔** (۱) ایکٹ ہذا کی رو سے دی جانے والی سزائیں اور اصلاحی اقدامات کسی دیگر مروجہ قوانین وضوابط کے تحت دی جانے والی دیگر سزاؤں، اصلاحی اقدامات یا نفاذ سے متعلق تدابیر کے علاوہ ہوں گے۔

(۲) ایکٹ ہذا کے تحت صراحت کردہ سزائیں اور اصلاحی اقدامات نہ ہی کسی دیگر قابل اطلاق قوانین کے اطلاق میں مانع ہوں گے اور نہ ہی یہ کسی دیگر قانونی ضابطہ ہائے کار کے تحت صراحت کردہ اضافی اصلاحی اقدامات سے متعلق کاوشیں کرنے کے حوالے سے کسی فرد یا ادارے کے حقوق کی حد مقرر کریں گے۔

۱۵۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایکٹ ہذا کے مقاصد کے حصول کے لیے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۱۶۔ **شیڈول میں ترمیم کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے شیڈول میں کوئی اندراج داخل، حذف یا تبدیل کرنے کی غرض سے شیڈول میں کوئی ترمیم کر سکتی ہے۔

## پہلا شیڈول

(دفعہ ۴(الف))

۱۔ بنیادی صحت و نگہداشت، صفائی ستھرائی کی بابت خدمات اور پینے کے محفوظ پانی کی فراہمی سمیت صحت و نگہداشت کا فروغ۔

۲۔ گرین ہاؤس گیس کے اخراج، ایک بار قابل استعمال پلاسٹک، پانی کی سطح میں کمی، جنگلات کے کٹاؤ اور وہ اشیاء جنہیں دوبارہ کارآمد بنانا ممکن نہیں اور جو آب وہوا پر اثرات مرتب کر سکتی ہیں سے متعلق اقدامات اٹھانا۔

۳۔ قابل تجدید اور دیرپا توانائی کے وسائل پر انحصار میں اضافہ اور کاربن فٹ پرنٹ کم کر کے توانائی کے استعمال کو منضبط کرنا۔

۴۔ درخت اگا کر، ماحولیات اور آب وہوا کے شعبوں میں تحقیق کے لیے فنڈ فراہم کر کے اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے عطیات مہیا کر کے منفی ماحولیاتی اثرات میں تخفیف کرنا۔

۵۔ ماحولیاتی توازن کو فروغ دینا قدرتی وسائل کا تحفظ اور ان کے استعمال میں کفایت زرعی جنگل بانی اور ہوا، مٹی اور پانی کے معیار کو برقرار رکھنا۔

۶۔ ناگہانی آفات سے نمٹنا ان میں کمی لانا اور ان سے ہونے والی تباہی کے بعد دوبارہ ان کا مقابلہ کرنے کے لیے تیاری کرنا۔

۷۔ جنگلات اگانے اور جنگلات کی بحالی کے منصوبوں کے لیے مالی معاونت کرنا اور انہیں تقویت دینا۔

۸۔ گرین انفراسٹرکچر کی تیاری جیسے شہری علاقوں میں سبزہ زاروں، شہری باغات اور چھتوں پر پودے لگانے کے ذریعے ہوا کے معیار کو بہتر بنانا اور زائد درجہ حرارت والے شہری علاقوں میں کمی لانا۔

## بیان اغراض ووجوہ

پاکستان میں کاروبار کے لیے ماحولیاتی ذمہ داری متعارف کروانا ایک پائیدار اور ماحولیاتی ذمہ داری سے بھرپور مستقبل یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ اقدام کمپنیوں کی سرگرمیوں کے ماحول پر پڑنے والے منفی اثرات کے لیے اُنہیں ذمہ دار ٹھہراتا ہے، جو کہ انسانی اور قدرتی وسائل دونوں کی بہتری کے لیے ضروری ہے۔

ماحول پر کسی بھی منفی اثرات کے لیے کاروبار کو ذمہ دار ٹھہرا کر حکومت ایک ٹھوس پیغام دے رہی ہے کہ ماحولیاتی تحفظ اولین ترجیح ہے۔ نتیجتاً یہ کمپنیوں کو ترغیب دے گا کہ وہ زیادہ ماحول دوست طریقے اپنائیں، اپنی کاربن کی مقدار کم کریں اور پائیدار ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری کریں۔

اس پیش رفت کی اہمیت کارپوریٹ سرگرمیوں سے ہونے والے ماحولیاتی نقصان کی بابت افراد اور کمیونٹیز کو انصاف حاصل کرنے کے لیے بااختیار بنانے کی صلاحیت میں مضمر ہے۔ پاکستانی قانون کے تحت کاروبار کو صحت مند ماحول کے حق کی خلاف ورزی پر جوابدہ ٹھہرایا جائے گا جو کہ بنیادی انسانی حق ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ ماحولیاتی نقصان کے متاثرین نقصان کے ذمہ داروں سے ہرجانے کا مطالبہ کر سکتے ہیں، جس سے جوابدہی اور ذمہ داری کے کلچر کو فروغ ملے گا۔ مزید برآں، نقطہ نظر میں یہ تبدیلی کاروباری اداروں کو ماحولیاتی استحکام کو ترجیح دینے کی ترغیب دے گی، چونکہ اُن کے افعال سے ہونے والے کسی بھی نقصان کے لیے اُنہیں مالی طور پر ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔ بالآخر یہ پیش رفت پاکستان میں ماحول کے حوالے سے زیادہ باشعور اور ذمہ دارانہ کاروباری کلچر کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

دستخط/-

**(محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام)**

رُکن قومی اسمبلی